# Masnoon Duas

| | |
|---|---|
| 1 | اَللّٰھُمَّ فَقِّھْنِیْ فِی الدِّیْنِ<br>اے اللہ! مجھے دین کی سمجھ عطا فرما۔<br>صحیح البخاری، کتاب الوضوء، باب وضع الماء عند الخلاء :143) |
| 2 | اَللّٰھُمَّ حَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا<br>اے اللہ! مجھ سے آسان حساب لینا۔<br>( مسند احمد ، ج :40، ص :260، حدیث :24215 ) صحیح |
| 3 | (اَللّٰھُمَّ) یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ<br>(اے اللہ) اے دلوں کو پھیرنے والے میرے دل کو اپنے دین پر ثابت رکھ۔<br>( جامع الترمذی، کتاب الدعوات ، باب [دعا :یا مقلب القلوب---] :3522 ) صحیح |
| 4 | اَللّٰھُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰی طَاعَتِکَ<br>اے اللہ! دلوں کو پھیرنے والے ہمارے دلوں کو اپنی اطاعت کی طرف پھیر دے۔<br>( صحیح مسلم، کتاب القدر، باب تصریف اللّٰہ القلوب کیف شاء :6750 ) |
| 5 | اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ وَاَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ<br>اے اللہ! مجھے میری سمجھ بوجھ الہام کردے اور مجھے میرے نفس کی برائی سے بچا۔<br>جامع الترمذی، کتاب الدعوات ،باب قصة تعلیم دعا [اللّٰھم الھمنی رشدی---] :3483 ) ضعیف |
| 6 | اَللّٰھُمَّ أَعِنِّیْ عَلٰی غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَ سَکَرَاتِ الْمَوْتِ. (ترمذی)<br>اے اللہ! موت کی سختیوں اور اُس سے طاری ہونے والی بے ہوشیوں میں میری مدد فرما۔ |

| | |
|---|---|
| 7 | اَللّٰهُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ<br>اے اللہ! بے شک تو معاف کرنے والا ہے، معاف کرنے کو پسند کرتا ہے، پس مجھے معاف کر دے۔<br>( جامع الترمذی، کتاب الدعوات، [با ب فی فضل سؤال العا فیة والمعافاة ] :3513 ) صحیح |
| 8 | اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْهُدٰی وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰی<br>اے اللہ! بے شک میں تجھ سے ہدایت، تقوٰی، پاکدامنی اور بے نیازی کا سوال کرتا ہوں۔<br>( صحیح مسلم، کتاب الذکر والدعاء، باب فی الأدعیة :6904 ) |
| 9 | اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَّافِعًا وَرِزْقًا طَیِّبًا وَعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا<br>اے اللہ! میں تجھ سے نفع بخش علم، پاکیزہ رزق اور قبول ہونے والے عمل کا سوال کرتا ہوں۔<br>( سنن ابن ماجه، کتاب اقامة الصلاة، باب :مایقال بعد التسلیم :925 ) صحیح |
| 10 | اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِکَ عَلَیَّ عِنْدَ کِبَرِ سِنِّیْ<br>وَانْقِطَاعِ عُمُرِیْ<br>اے اللہ! مجھ پر میرے بڑھاپے کے قریب اور میری عمر کے خاتمے تک اپنا رزق کشادہ رکھنا۔<br>( صحیح و ضعیف الجامع الصغیر، ج :1، ص :270، حدیث :1255 ) حسن |